**28.04.2025**

**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شمیم احمد

Music

..................................................................

- ☆ بھارت نے فرانس سے 26رافیل میرین فائٹر طیارے حاصل کرنے کیلئے ایک دفاعی سمجھوتے پر دستخط کئے ہیں۔
- ☆ NIA کی عدالت نے 26/11 ممبئی دہشت گردانہ حملوں کے سرغنہ تہور رانا کی حراست میں 12دن کا اضافہ کیا ہے۔
- ☆ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے پدم ایوارڈ پیش کئے۔ Gastroenterologist ڈی ناگیشور ریڈی، سابق ہاکی کھلاڑی پی آر شری جیش، کرکٹر روی چندرن اشون اور فلمساز شیکھر کپور، پدم ایوارڈ حاصل کرنے والی اہم شخصیات میں شامل ہیں۔
- ☆ روس نے آٹھ مئی کو Victory ڈے تقریبات کے آغاز کے وقت سے یوکرین میں تین دن کی جنگ بندی کا اعلان کیا ہے۔
- ☆ Sensex میں ایک ہزار پوائنٹس کا اضافہ ہوا۔
- ☆ اور آئی پی ایل کرکٹ میں، راجستھان رائلس اور گجرات ٹائٹنس کے درمیان جے پور میں میچ جاری ہے۔

..................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

## Indo France Rafale

بھارت نے آج فرانس کے ساتھ 26رافیل مرین لڑاکا طیاروں کی خریداری کیلئے دفاعی معاہدے پر دستخط کیے ہیں۔ وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ اور فرانس کے وزیر دفاع Sebastien Lecornu نے نئی دلّی مین بین حکومتی معاہدے IGA پر دستخط کیے۔ 26رافیل مرین طیاروں میں سے 22ایک سیٹ والے، جبکہ چار ، دو سیٹ والے ہوں گے۔ ان طیاروں کو بھارتی بحریہ کی ضرورت کے مطابق ڈیزائن اور تیار کیا جائے گا۔ ان طیاروں کی فراہمی 2030 تک مکمل ہو جائے گی۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے ...

VC - Bhupendra Singh

اس معاہدے میں تربیت، Simulator ، متعلقہ آلات، اسلحہ اور کارکردگی پر مبنی لاجسٹکس شامل ہیں۔ اس میں بھارتی فضائیہ کے موجودہ رافیل طیاروں کے بیڑے کیلئے اضافی سامان بھی شامل ہے۔

یہ معاہدہ ملک میں دیسی ساخت کے ہتھیاروں کے انضمام کیلئے ٹیکنالوجی کی منتقلی اور رافیل Fuselage کیلئے پیداواری سہولیات کے ساتھ ساتھ ہوائی جہاز کے انجن، سینسرز اور ہتھیاروں کی دیکھ بھال، مرمت اور اوور ہال کی سہولیات کے قیام میں سہولت فراہم کرے گا۔ اس معاہدے سے بہت چھوٹی، چھوٹی اور درمیانہ درجے کی صنعتوں کیلئے ہزاروں روزگار پیدا ہونے اور آمدنی کی امید ہے۔

رافیل مرین طیاروں کی شمولیت سے بحریہ کی طاقت میں کئی گنا اضافہ ہوگا اور یہ لڑاکا طیارے آئی این ایس وکرم آدتیہ اور آئی این ایس وکرانت جیسے طیارہ بردار جہازوں میں تعینات کیے جائیں گے۔ رافیل جدید ہتھیاروں کے نظام اور میزائلوں سے لیس ہوگا۔

*بھوپیندر سنگھ کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں محمد عمار*

## Court Tahawwur Rana

امریکہ سے حال ہی میں بھارت کے حوالے کئے گئے 26/11 ممبئی دہشت گردانہ حملے کے سرغنہ طہور حسین رانا کو آج قومی جانچ ایجنسی NIA کی خصوصی عدالت کے روبرو پیش کیا گیا۔

عدالت نے رانا کی NIA تحویل میں 12دنوں کی توسیع کردی ہے۔ اس سے پہلے رانا نے 18دن NIA کی تحویل میں گزارے ہیں۔

ممبئی پولیس کے کرائم برانچ افسران کی جانب سے رانا سے دلّی کے NIA دفتر میں ہوئی تفتیش کے فوری بعد یہ سماعت ہوئی۔ بتایا جاتا ہے کہ 8 گھنٹے طویل پوچھ تاچھ کے دوران رانا نے تعاون نہیں کیا اور بہانے بازی سے کام لیا۔ امریکہ کی سپریم کورٹ کی جانب سے 4اپریل کو بھارت حوالگی پر از سرِ نو غور کرنے کی عرضداشت مسترد کئے جانے کے بعد 26/11 ممبئی دہشت گردانہ حملے کے سازشی ڈیوڈ کولمن ہیڈلی کے قریبی ساتھی رہے رانا کو بھارت کے حوالے کیا گیا ہے۔x

## Padma Awards

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج نئی دلّی میں راشٹرپتی بھون میں پہلی Civil Investiture Ceremony کے موقع پر 71سرکردہ شخصیات کو سال 2025 کیلئے پدم ایوارڈ سے نوازا۔ اِن میں سے چار کو پدم وبھوشن، دس کو پدم بھوشن اور 57شخصیات کو پدم شری اعزاز دیا گیا۔ طب کے شعبے میں ڈی ناگیشور ریڈی اور آرٹ کے شعبے میں ڈاکٹر لکشمی نارائن سبرامنیم کو اُن کی خدمات کیلئے پدم وبھوشن سے نوازا گیا، جبکہ ایم ٹی واسودیون نائر اور اوسامو سوزوکی کو بعد از مرگ پدم وبھوشن دیا گیا۔

جن لوگوں کو پدم بھوشن دیا گیا اُن میں نندامُری بالا کرشن، شیکھر کپور، بھارتی ہاکی ٹیم کے سابق کپتان سری جیش پی آر شامل ہیں جبکہ بہار کے سابق نائب وزیر اعلیٰ سشیل کمار مودی کو بعد از مرگ پدم بھوشن دیا گیا۔

جن لوگوں کو پدم شری سے نوازا گیا اُن میں کرکٹر روی چندرن اَشون، SBI کی سابق سربراہ ارون دَھتی بھٹا چاریہ، اسٹیفن Knapp، رونو مجمدار اور کلاسیکی گلوکارہ ڈاکٹر کے اومن کُٹّی اَمّا شامل ہیں۔

اس موقع پر نائب صدر جگدیپ دھنکھڑ، وزیر اعظم نریندر مودی، امت شاہ سمیت مرکزی وزرا اور دیگر اہم شخصیات موجود تھیں۔ آرٹ، سوشل ورک، عوامی معاملات، سائنس اور انجینیئرنگ، تجارت اور صنعت، میڈیسن، ادب اور تعلیم، کھیل اور سول سروس سمیت مختلف شعبوں میں یہ انعامات دیئے گئے۔

آکاشوانی سے خصوصی طور پر بات چیت کرتے ہوئے پدم شری ایوارڈ یافتہ SBI کی سابق چیئرمین ارُن دَھتی بھٹا چاریہ نے کہا کہ اُنھیں جن دھن اسکیم کو وسعت دینے میں اُن کی خدمات کیلئے یہ اعزاز دیا گیا ہے۔

S/B Arundhati Padma Awardee

کرناٹک گلوکارہ ڈاکٹر کے اومن کُٹّی اَمّا کو آرٹ کے شعبے میں اُن کی خدمات کیلئے پدم شری ایوارڈ دیا گیا۔ انھوں نے اُن دنوں کو یاد کیا جب وہ آل انڈیا ریڈیو کیلئے گلوکاری کرتی تھیں۔ انھوں نے کہا کہ اُن کے کیریئر کو شکل وصورت عطا کرنے میں اِس سرکاری نشریے کا بہت اہم رول ہے۔

S/B Dr Komankutty AMMA

امریکہ کے مصنف اسٹیفن Knapp اِس برس کے 71 پدم ایوارڈ حاصل کرنے والوں میں شامل ہیں۔ آکاشوانی سے بات چیت کرتے ہوئے انھوں نے اُن کی تصانیف کا اعتراف کرنے کیلئے حکومت کا شکریہ ادا کیا۔

S/B Stephen Knaap

## IIP March

اعداد و شمار اور پروگراموں پر عمل درآمد کی وزارت کی جانب سے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق، بھارت کی صنعتی پیداوار کی شرح ترقی، جس کی پیمائش صنعتی پیداوار کے اشاریے (IIP) کے ذریعے کی گئی ہے، مارچ کے مہینے میں 3فیصد تک پہنچ گئی، جبکہ سابقہ فروری کے مہینے میں یہ نظرثانی شدہ شرح ترقی دو اعشاریہ سات فیصد رہی تھی۔ سابقہ فروری کے مہینے کے مقابلے مارچ میں IIP کے تین بڑے اجزاء میں سے بجلی کی پیداوار میں چھ اعشاریہ تین فیصد، مینوفیکچرنگ میں 3فیصد، جبکہ کانکنی کی سرگرمیوں میں صفر اعشاریہ چار فیصد کا اضافہ ہوا۔x

## Rajnath PM Meet

وزیر اعظم نریندر مودی نے نئی دلّی میں اپنی رہائش گاہ پر آج وزیر دفاع راجناتھ سنگھ سے ایک میٹنگ کی۔ یہ میٹنگ پہلگام دہشت گردانہ حملے کے تناظر میں ہوئی اور اِس میں حملے کے بعد کی کارروائی کے لائحہ عمل پر فیصلہ کیا گیا۔ یہ میٹنگ فوج کے سربراہ انل چوہان کی جانب سے انتہائی اہم نوعیت کے فیصلوں سے متعلق وزیر دفاع کو واقف کرائے جانے کے ایک دن بعد ہوئی ہے۔x

## FACT Check Pakistan

پاکستان حامی سوشل میڈیا اکاؤنٹس پر فوج کی تیاریوں کے سلسلے میں جعلی دستاویزات گردش کر رہے ہیں۔ حکومت نے اِن دستاویزات کو جعلی قرار دیا ہے۔ پریس انفارمیشن بیورو کے مطابق سوشل میڈیا کے یہ اکاؤنٹس اِس بات کا غلط دعویٰ کر رہے ہیں کہ بھارتی فوج کی تیاریوں سے متعلق صیغۂ راز میں رہنے والے دستاویزات لیک ہوگئے ہیں۔ حکومت نے عوام سے زور دے کر کہا کہ وہ غیر تصدیق شدہ معلومات کو شیئر کرنے سے گریز کریں اور صحیح صحیح تازہ اطلاعات کیلئے صرف سرکاری ذرائع پر اعتبار کریں۔x

## J&K Special Session

جموں وکشمیر قانون ساز اسمبلی نے آج پہلگام میں ہوئے دہشت گردانہ حملے کی مذمت میں انتہائی سخت الفاظ کا استعمال کرتے ہوئے ایک قرارداد منظور کی ہے۔ 22اپریل کو ہوئے اِس واقعے میں 26افراد ہلاک ہوئے تھے جن میں زیادہ تر سیاح تھے۔ قرارداد میں حملے کو انتہائی وحشت ناک، بہیمانہ، غیرانسانی اور بزدلانہ کارروائی قرار دیا گیا ہے۔ تین گھنٹے تک چلی بحث کے بعد ایوان نے اِسے اتفاق رائے سے منظور کیا۔ قرارداد میں کہا گیا ہے کہ دہشت گردی کی اِس طرح کی کارروائیاں کشمیریت کی اقدار، آئین کی اقدار اور اتحاد امن اور یکجہتی کی روح پر براہِ راست حملہ ہیں۔اسمبلی کے خصوصی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ عمر عبداللہ نے دہشت گردانہ حملے کے متاثرین کے تئیں یکجہتی کا اظہار کیا اور اُن کے اہل خانہ کے تئیں تعزیت پیش کی۔

S/B 2115 Omar Abdullah

وزیر اعلیٰ نے پورے خطے میں افسوس اور صدمے کے بے اختیار اظہار اور تعزیتی کلمات پیش کئے جانے کی ستائش کی جو کہ دہشت گردی کے اختتام کے آغاز کی علامت ہے۔ ایوان نے مرکزی حکومت کے سفارتی اقدامات کی بھی حمایت کی۔x

## Gujarat Search Operation

پہلگام میں حالیہ دہشت گردانہ حملے کے تناظر میں پورے گجرات میں تلاشی کی بڑی کارروائی جاری ہے تا کہ ایسے بنگلہ دیشی باشندوں کو تلاش کیا جاسکے جو ریاست میں غیرقانونی طریقے سے رہ رہے ہیں۔ احمد آباد میں چنڈولہ Lake علاقے سے 400مبینہ غیرقانونی تارکین وطن کو حراست میں لیا گیا ہے۔ احمدآباد کے پولیس کمشنر جے ایس ملک نے آج جائے موقعہ کا دورہ کیا اور افسران کو ہدایت دی کہ وہ غیرقانونی تعمیرات کو منہدم کردیں اور بجلی کے غیرقانونی کنکشن کاٹ دیں۔

موربی میں اسپیشل آپریشن گروپ نے اِسی طرح کی ایک کارروائی کے دوران تقریباً دس بنگلہ دیشی باشندوں کو حراست میں لیا ہے۔ جنوبی گجرات کے مختلف علاقوں، جن میں نوساری، جلال پور، گندیوی، چکھلی، بِلی مورا اور کھیر گام شامل ہیں، میں بھی تلاشی کی کارروائی کی گئی۔x

### Russia Ceasefire

روس کے صدر ولادیمیر پتن نے آج یوکرین میں جاری اپنی فوجی کارروائی میں 72 گھنٹے کی جنگ بندی کا اعلان کیا ہے۔ اگلے ماہ Victory ڈے کے 80ویں سال کے موقع کے تعلق سے یہ جنگ بندی کی گئی ہے۔ آج سہ پہر Kremlin سے جاری ایک بیان میں کہا گیا ہے کہ جنگ بندی کا آغاز 7اور 8مئی کو آدھی رات کے وقت سے ہوگا اور یہ 10اور 11مئی کی آدھی رات تک جاری رہے گی۔ بیان میں یوکرین سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ بھی جنگ بندی پر عمل کرے۔ اُدھر روس کے وزیر خارجہ سرگئی لاوروف نے امریکہ کے وزیر خارجہ مارکو روبیو سے ٹیلیفون پر بات چیت کی جس میں یوکرین میں قیامِ امن کیلئے مذاکرات شروع کرنے کی غرض سے حالات کو مستحکم کرنے کی اہمیت کو اجاگر کیا گیا۔ Moscow Victory ڈے پریڈ 9مئی کو ماسکو کے ریڈ اسکوائر پر ہونے والی روس کی مسلح افواج کی ایک سالانہ فوجی پریڈ ہے۔ یہ پریڈ نازی جرمنی پر ریڈ آرمی کی فتحیابی کی یاد میں منائی جانے والی پریڈ ہے جو دوسری عالمی جنگ کے مشرقی محاذ کے اختتام کی علامت ہے جسے روس میں حب الوطنی کی عظیم جنگ کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔x

### Chhattisgarh Maoists Surrendered

چھتیس گڑھ کے بیجاپور ضلع میں آج 24ماؤنوازوں نے خودسپردگی کی۔ اِن میں سے 14ماؤنوازوں کی گرفتاری پر 28لاکھ پچاس ہزار روپئے کے انعام کا اعلان تھا۔ اِن ماؤنوازوں نے سینٹرل ریزرو پولیس فورس اور ضلع پولیس کے سینئر افسران کے سامنے خود سپردگی کی۔ حکومت کی بازآبادکاری کی اسکیم کے تحت ایک سہولت کے طور پر خودسپردگی کرنے والے ماؤنوازوں کو پچاس پچاس ہزار روپئے کے چیک بھی دیئے گئے۔ اب تک اِس برس بیجاپور ضلع میں 200سے زیادہ ماؤنواز خودسپردگی کرچکے ہیں۔x

### Rev Houthis Killed

یمن میں حوثی گروپ نے کہا ہے کہ آج صبح سویرے شمالی صوبے Saada میں ایک حراستی مرکز پر امریکی فضائی حملے میں کم سے کم 68افریقی تارکینِ وطن ہلاک اور 50زخمی ہوگئے ہیں۔ میڈیا کی خبروں کے مطابق بچاؤ ٹیموں کے ذریعے ممکنہ طور پر زندہ بچ جانے والے افراد کی تلاش جاری ہے۔ امریکی فوج نے اِس معاملے پر اب تک اپنا کوئی ردّعمل نہیں دیا ہے۔ تاہم مذکورہ فضائی حملہ ، امریکی وسطی کمان کے اِس اعلان کے بعد ہوا ہے کہ امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ کی جانب سے 15مارچ کو حوثیوں کے خلاف فضائی حملے تیز کرنے کے حکم کے بعد ، اُس کی افواج نے 800سے زیادہ ٹھکانوں کو نشانہ بنایا ہے۔x

### Canada Election

کینیڈا میں آج صبح سویرے سے ہی پولنگ مراکز کھل گئے ہیں، جہاں رائے دہندگان ، پارلیمنٹ کے 343 اراکین کیلئے اپنے حقِ رائے دہی کا استعمال کررہے ہیں۔ یہ انتخابات ملک کا اگلا وزیرِ اعظم چننے کیلئے ہورہے ہیں۔ کسی

بھی پارٹی کو اپنی اکثریت ثابت کرنے کیلئے 172 سیٹوں کی ضرورت ہوگی۔ اصل مقابلہ ، دو دہائیوں سے برسراقتدار مارک کارنے کی قیادت والی لبرل پارٹی اور Pierre Poilievre کی قیادت والی کنزرویٹیو پارٹی کے درمیان ہے۔ موجودہ وزیر اعظم کارنے ، بینک آف کینیڈا اور بینک آف انگلینڈ کے گورنر رہ چکے ہیں۔ وہیں کنزرویٹیو رہنما Pierre Poilievre سابق سینئر کابینی وزیر اور کھلے بازار کے حمایتی رہے ہیں۔ دونوں رہنماؤں کے درمیان سخت مقابلے کا امکان ہے۔ یہ انتخابات ایسے وقت میں ہورہے ہیں، جب کارنے کو اپنے پیش رو اور پارٹی معاون جسٹن ٹروڈو کی جگہ وزیر اعظم کا عہدہ سنبھالے ہوئے محض 6 ہفتے ہوئے ہیں۔ x

## Waves Article Murugan

The World Audio Visual and Entertainment Summit-WAVES پہلی مئی سے چار مئی تک بھارت میں منعقد ہوگا۔ یہ عالمی سطح پر تخلیقیت کے اظہار کا ایک مرکزی اسٹیج ہے۔ ایک آرٹیکل میں اطلاعات اور نشریات کے وزیر مملکت ڈاکٹر ایل مروگن نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں عمل میں آنے والا یہ تصور WAVES کایاپلٹ کردینے والی ایک ایسی تحریک ہے جو میڈیا اور تفریح کے منظرنامے کی نئی تعریف متعین کرے گی۔ انھوں نے کہا کہ بھارت کی میڈیا اور تفریح کی صنعت تقریباً دو اعشاریہ سات کھرب روپے پر مشتمل ہے۔ WAVES-2025 تخلیقیت، اختراعات اور چھوٹے کاروبار شروع کرنے کی راہ میں پیشرفت کرنے کے ملک کے ارادے کو ظاہر کرتا ہے۔x

## Stocks Close

Bombay اسٹاک ایکسچینج کے Sensex میں آج ایک ہزار چھ پوائنٹس کا اضافہ ہوا اور یہ 80 ہزار 218 پر بند ہوا۔ قومی اسٹاک ایکسچینج کے نفٹی میں بھی 289 پوائنٹس کا اضافہ ہوا اور یہ 24 ہزار 329 پر بند ہوا۔

بھارت کے صرافہ بازار میں 24 کیرٹ سونے کی قیمت 95 ہزار 40 روپئے فی دس گرام رہی، جبکہ چاندی کی قیمت 96 ہزار 760 روپئے فی کلو گرام تھی۔x

## IPL T20 Cricket

IPL ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں، گجرات ٹائٹنس نے راجستھان رائلز کے سامنے جیت کیلئے 210 رَن کا نشانہ رکھا ہے۔ یہ میچ جے پور کے سوائی مان سنگھ اسٹیڈیم میں کھیلا جارہا ہے۔ گجرات ٹائٹنس نے مقررہ 20 اوورس میں 4 وکٹ کے نقصان پر یہ اسکور کھڑا کیا ہے۔ اس سے پہلے راجستھان رائلز نے ٹاس جیتا اور پہلے گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ x

☆☆☆☆☆☆